# ALL PAKISTAN LPG DISTRIBUTORS ASSOCIATION (Regd)

**(AFFILIATED WITH FPCCI)**

**(Ministry Of Commerce Licence No: 69)**

**(SECP CUI No: 0067829)**

## پریس ریلیز

کراچی 3 جولائی 2012: پیداواری شعبے نے بھی سعودی آرامکو کنٹریکٹ پرائس میں کمی کے بعد منگل کو مقامی طور پر پیدا ہونے والی ایل پی جی کی فی ٹن قیمت 6600 روپے کی کمی کردی ہے جسکے نتیجے میں فی ٹن ایل پی جی کی پیداواری قیمت گھٹ کر 65993 روپے کی سطح پر آ گئی ہے، اس طرح ملک میں درآمد ہونے والی ایل پی جی کی نسبت مقامی طور پر پیدا ہونے والی ایل پی جی کی فی ٹن قیمت 13507 روپے کم ہوگئی ہے، آل پاکستان ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف عبدالہادی خان نے بتایا کہ ملک میں تیار ہونے والی ایل پی جی کی قیمت میں کمی کے سبب فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت 6.60 روپے، فی 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 78 روپے اور فی 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 303 روپے گھٹ گئی ہے، مقامی طور پیدا ہونے والی ایل پی جی کی قیمت میں کمی کے نتیجے میں کراچی میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 99.40 روپے، فی 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت گھٹ کر 1002 روپے اور فی 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 3857 روپے ہوگئی، لاہور میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 104.40 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1102 روپے، 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 4237 روپے، خیبر پختونخواہ میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 109.40 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1224 روپے اور 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 4651 روپے ہوگئی جبکہ فاٹا، نادرن ایریا، آزاد کشمیر، بٹگرام، مانسہرہ میں فی کلوگرام ایل پی جی کی قیمت گھٹ کر 113.40 روپے، 11.8 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 1306 روپے اور 45.4 کلوگرام سلینڈر کی قیمت 5014 روپے ہوگئی ہے، ان نئی قیمتوں کا اطلاق منگل 3 جولائی 2012 سے موثر بہ عمل ہوگیا ہے، عبدالہادی نے پیداواری کمپنیوں سے مطالبہ کیا کہ وہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے 800 ٹن کی یومیہ محدود پیداوار میں فی الفور توسیع دے کر دوگنا کرنے کی حکمت عملی وضع کریں تاکہ مقامی مارکیٹ میں ایل پی جی کے سستے متبادل ایندھن کا تصور دوبارہ بحال ہو سکے اور عام صارف کو اسکی مطلوبہ ضروریات کے مطابق سستے داموں ایل پی جی کی دستیابی یقینی بن سکے، انہوں نے بتایا کہ پیداواری شعبے کی کمپنیوں کی جانب سے منگل کو قیمت میں کمی کے نتیجے میں ایل پی جی کی مقامی فروخت مزید 5 تا 8 فیصد بڑھجائے گی لیکن اسکے لیے ضروری ہے کہ ایل پی جی کی مقامی پیداوار بڑھائی جائے جو فی الوقت 1400 تا 1500 ٹن ہے اور آئندہ ایک ہفتے میں مزید بڑھکر 1600 تا 1700 ٹن یومیہ تک پہنچ جائے گی، انہوں نے کہا کہ پروڈیوسرز نے مشترکہ حکمت عملی کے تحت اپنی پیدواری سرگرمیوں کو محدود کررکھا ہے جس کے سبب مقامی ضروریات کا انحصار درآمدی ایل پی جی پر بڑھتا جارہا ہے۔


عبدالہادی خان

**0300-8204994**

**Banglow No. 2-B Block 6 P.E.C.H.S. KARACHI**

**Phone # +92-021-4521793 Fax #+92-021-4521361**